**The News** International, Wednesday, October 26, 2016

# CIE official visits FBISE

ISLAMABAD: Director of Assessment, Cambridge International Examinations (CIE) Roderic Gillespie visited Federal Board of Intermediate and Secondary Education (FBISE), on Tuesday and delivered a lecture on Assessment and Examinations to the participants of workshop organised by FBISE, says a press release.

The participants of the workshop were FBISE master trainers, paper setters and markers in the subject of English, Physics, Chemistry, Biology and Mathematics along with senior educationists and officers of the board.

The lecture delicately focused on the scope of setting of various syllabi, their logical progression, question paper setting techniques and parameters, preparation of marking scheme, reliable marking and valid conversion of marks into grades.

Dr. Ikram Ali Malik, chairman briefed about the recent initiatives undertaken by the FBISE for qualitative improvement of examination system with major focus on capacity building of all the stakeholders. Further, shortcomings in the existing system were also highlighted along with proposed road-map to rectify the same in near future.

Roderic Gillespie and Uzma Yousaf, country manager of CIE assured full support for improvement in examination system of the FBISE.

روزنامہ جنگ راولپنڈی بدھ 26/اکتوبر 2016ء

## کیمبرج انٹرنیشنل ایگزامینیشن کے ڈائریکٹر اسیسمنٹ کا فیڈرل بورڈ کا دورہ

اسلام آباد(جنگ نیوز) کیمبرج انٹرنیشنل ایگزامینیشن کے ڈائریکٹر اسیسمنٹ مسٹر راڈرک گلسپی نے فیڈرل بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سکینڈری ایجوکیشن، اسلام آباد کا دورہ کیا اور ورکشاپ کے شرکاء کو لیکچر دیا۔ جس میں انگلش، فزکس، کیمسٹری، بیالوجی اور ریاضی کے ماسٹر ٹرینرز، پیپر سیٹرز، ایگزامینرز، ماہرین تعلیم اور فیڈرل بورڈ کے افسران نے شرکت کی۔ لیکچر میں مختلف نصابی، منطقی ترقی، سوالیہ پرچہ بنانے کی مہارت ودائرہ کار، مارکنگ سکیم کی تیاری، قابل اعتماد مارکنگ اور نمبروں کی معقول انداز میں گریڈ میں تبدیلی کا احاطہ کیا گیا۔ اس موقع پر چیئرمین فیڈرل بورڈ، ڈاکٹر اکرام علی ملک نے بھی خطاب کیا۔

روزنامہ نوائے وقت راولپنڈی/اسلام آباد(3)26اکتوبر2016ء

## فیڈرل بورڈ انٹرمیڈیٹ کے ضمنی امتحانات یکم نومبر سے شروع ہونگے

اسلام آباد(نامہ نگار)فیڈرل بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، اسلام آباد کے زیرِ انتظام انٹرمیڈیٹ کے ضمنی امتحانات برائے سال 2016 مورخہ یکم نومبر 2016 سے منعقد ہو رہے ہیں۔ مذکورہ بالا امتحانات میں شرکت کرنے والے تمام امیدواران کی رولنمبر سلپس انکے داخلہ فارمز میں دیے گئے پتہ جات پر روانہ کردی گئیں ہیں۔

روزنامہ ایکسپریس، اسلام آباد۔ بدھ، 26 اکتوبر، 2016ء

## 2 نومبر کا دھرنا، فیڈرل بورڈ انٹرمیڈیٹ ضمنی امتحانات خطرے میں

### والدین کو تشویش، 2 آپشنز زیرغور، دھرنا ہوا تو امتحان ری شیڈول کیا جائیگا، چیئرمین بورڈ

اسلام آباد(قاسم نواز عباسی)2 نومبر کو دھرنے کے پیش نظر ملک بھر میں یکم نومبر کو فیڈرل بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن اسلام آباد کے زیرِ انتظام انٹرمیڈیٹ کے ضمنی امتحانات برائے سال 2016 خطرے میں پڑ گئے، ذرائع نے بتایا کہ وفاقی تعلیمی بورڈ حکام اس حوالے سے سر جوڑ کر بیٹھ گئے ہیں تاہم ابھی تک امتحانات ہونے یا نہ ہونیکا حتمی فیصلہ نہیں کیا جاسکا، یکم نومبر کو وفاقی تعلیمی بورڈ کے زیرانتظام انٹرمیڈیٹ کے ضمنی امتحانات کا انعقاد کیا جا رہا ہے، تاہم دھرنے کے اعلان کے پیش نظر بچوں سمیت انکے والدین بھی سخت تشویش میں مبتلا ہیں، ذرائع کے مطابق تحریک انصاف کے دھرنے کے اعلان کے باعث وفاقی تعلیمی بورڈ حکام دو آپشنز پر غور کر رہے ہیں جسمیں ملک بھر کے امتحانات کو منسوخ کرنا یا پھر صرف اسلام آباد راولپنڈی کے امتحانات کو ری شیڈول کرنا شامل ہے، اس حوالے سے چیئرمین فیڈرل بورڈ ڈاکٹر اکرام نے ایکسپریس سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ابھی تک امتحانات کی تاریخ میں کوئی ردوبدل کا فیصلہ نہیں کیا گیا، دھرنے کی صورت میں امتحانات کو ری شیڈول کیا جائیگا۔

روزنامہ نوائے وقت ' بروز بدھ ' 26 اکتوبر 2016ء



اسلام آباد، ڈائریکٹر اسسمنٹ کیمرج انٹرنیشنل ایگزامینیشن وفاقی تعلیمی بورڈ میں لیکچر دے رہے ہیں

جہان پاکستان
بدھ 26 اکتوبر 2016ء



اسلام آباد: فیڈرل بورڈ کمپیوٹر لیب میں مسٹر روڈرک گلیبی اور چیئرمین بورڈ اکرام علی ملک لیکچر دے رہے ہیں

روزنامہ ایکسپریس، اسلام آباد۔ بدھ، 26 اکتوبر، 2016ء

# 2 نومبر کا دھرنا، فیڈرل بورڈ انٹرمیڈیٹ ضمنی امتحانات خطرے میں

## والدین کو تشویش، 2 آپشنز زیر غور، دھرنا ہوا تو امتحان ری شیڈول کیا جائیگا، چیئرمین بورڈ

اسلام آباد (قاسم نواز عباسی) 2 نومبر کو دھرنے کے پیش نظر ملک بھر میں یکم نومبر کو فیڈرل بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن اسلام آباد کے زیرِ انتظام انٹرمیڈیٹ کے ضمنی امتحانات برائے سال 2016 خطرے میں پڑ گئے، ذرائع نے بتایا کہ وفاقی تعلیمی بورڈ حکام اس حوالے سے سر جوڑ کر بیٹھ گئے ہیں تاہم ابھی تک امتحانات ہونے یا نہ ہونیکا حتمی فیصلہ نہیں کیا جا سکا، یکم نومبر کو وفاقی تعلیمی بورڈ کے زیرانتظام انٹرمیڈیٹ کے ضمنی امتحانات کا انعقاد کیا جا رہا ہے، تاہم دھرنے کے اعلان کے پیش نظر بچوں سمیت انکے والدین بھی سخت تشویش میں مبتلا ہیں، ، ذرائع کے مطابق تحریک انصاف کے دھرنے کے اعلان کے باعث وفاقی تعلیمی بورڈ حکام دو آپشنز پر غور کر رہے ہیں جسمیں ملک بھر کے امتحانات کو منسوخ کرنا یا پھر صرف اسلام آباد راولپنڈی کے امتحانات کو ری شیڈول کرنا شامل ہے، اس حوالے سے چیئرمین فیڈرل بورڈ ڈاکٹر اکرام نے ایکسپریس سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ابھی تک امتحانات کی تاریخ میں کوئی ردوبدل کا فیصلہ نہیں کیا گیا، دھرنے کی صورت میں امتحانات کو ری شیڈول کیا جائیگا۔

روزنامہ پاکستان (2) بدھ 26 اکتوبر 2016ء

# کیمرج کے ڈائریکٹر مسٹر راڈرک گلسپی کا فیڈرل بورڈ کا دورہ

## بورڈ کے سنئیر ایگزامینر انگلش، فزکس، کیمسٹری، بیالوجی، ودیگر کو انتہائی ماہرانہ انداز میں لیکچر بھی دیا

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) کیمرج انٹرنیشنل ایگزامنیشن کے ڈائریکٹر اسمنٹ مسٹر راڈرک گلسپی نے 25 اکتوبر 2016 بروز منگل فیڈرل بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن اسلام آباد کا دورہ کیا اور اس میں جاری ورکشاپ کے شرکاء کو لیکچر دیا۔ جس میں انگلش، فزکس، کمسٹری، بیالوجی اور ریاضی کے ماسٹر ٹرینرز، پیپر سیٹرز، ایگزامینرز، ماہرین تعلیم اور فیڈرل بورڈ کے افسران (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 44)

بقیہ مسٹر راڈرک گلسپی 44

نے شرکت کی۔ لیکچر میں انتہائی ماہرانداز سے مختلف نصابی، منطقی ترقی، سوالیہ پرچہ بنانے کی مہارت و دائرہ کار، مارکنگ سکیم کی تیاری، قابل اعتماد مارکنگ اور نمبروں کی معقول انداز میں گریڈ میں تبدیلی کا احاطہ کیا گیا، چیئرمین فیڈرل بورڈ ڈاکٹر اکرام علی ملک نے حال ہی میں امتحانی نظام میں بہتری سے متعلق اٹھائے گئے اقدامات جس میں خاص طور پر امتحان سے متعلقہ افرادی قوت کی تربیت شامل ہے، کا مختصراً جائزہ پیش کیا، مزید برآں موجودہ نظام میں خامیوں اور ان کی تصحیح سے متعلق لائحہ عمل بھی ذکر کیا، مسٹر راڈرک گلسپی اور کنٹری منیجر (OIC) عظمیٰ یوسف نے فیڈرل بورڈ کے امتحانی نظام میں بہتری سے متعلق اپنی بھرپور مدد کا یقین دلایا۔